© rasailojaraid.com

نقد و نظر

الخیام

تصنیف: ابوالنصر غلام یاسین آہ ، تکملہ : ابوالکلام آزاد

ملنے کا پتا: مکتبہ رشیدیہ ۔ نزد مقدس مسجد ۔ اردو بازار ، کراچی

قیمت: ۱۱۰/- روپے (مجلد) ، **ضخامت:** ۱۲۰/- **صفحات**

الخیام اردو میں عمر خیام پر پہلی تصنیف مولانا ابوالکلام آزاد کے بڑے بھائی مولوی ابوالنصر یاسین آہ دہلوی کی یادگار ہے ۔ یہ پہلی بار ۱۹۰۳ء میں کلکتہ سے شائع ہوئی تھی ایک مدت سے اس کا شمار نایاب علمی نوادر میں ہوتا تھا اب اسے ڈاکٹر ابوسلمان شاہ جہان پوری سندھی نے تلاش کر کے اس کا عکس شائع کر دیا ہے اس طرح اردو کی نایاب سوانحی تاریخی کتاب ہر صاحب ذوق کی دست رس میں ہے ۔ ڈاکٹر شاہ جہان پوری نے اس کی بازیافت اور اسے پیش کر دینے ہی پر اپنا کام ختم نہیں کر دیا ، بلکہ انھوں نے فاضل مصنف کے سوانح حیات ، شخصیت ، ادب و شعر میں ان کے ذوق و فن ، تصنیف و تالیف میں ان کی خدمات ، سیرت اور افکار و عقاید میں ان کے خصائص وغیرہ میں تحقیق سے اردو زبان و ادب کی تاریخ میں ایک بلند پایہ علمی اور ادبی شخصیت بھی دریافت کی ہے ۔

ابھی تک اہل علم کے حلقے میں بھی مصنف کا بس اتنا تعارف تھا کہ وہ مولانا ابوالکلام آزاد کے بڑے بھائی لیکن ان کے حالات ، شاعری اور تصنیف و تالیف کے میدانوں میں ان کے فن اور خدمات کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ اگر وہ تقریباً بیس سال کی عمر میں انتقال نہ فرما جاتے تو ان کی علمی و ادبی شخصیت کی اٹھان ایسی تھی کہ شاید مولانا آزاد ان کے حوالے سے پہچانے جاتے اور دنیا یہ کہتی کہ ابوالکلام آزاد مولانا ابوالنصر غلام یاسین آہ دہلوی کے چھوٹے بھائی ہیں ۔

کتاب اپنے موضوع پر بہت مختصر ہے لیکن عمر خیام کے بنیادی علمی سوانحی مطالعے کے لیے کفایت کرتی ہے ۔ نیز خیام کے حالات و واقعات میں مستند ترین مآخذ سے اخذ و تالیف میں حد درجہ صحت کا اہتمام کیا گیا ہے ۔ کتاب میں عمر خیام کے شاعرانہ مقام ، وطن کا ذکر اگرچہ آیا ہے لیکن مصنف کا خیال تھا کہ رباعیات پر نقد و نظر ایک الگ اور مستقل جلد کی متقاضی ہے لیکن ان کے انتقال کے حادثے نے دوسری جلد کی تصنیف کو خارج از امکان کر دیا تھا ۔ یہ محض اتفاق ہے کہ رباعیات خیام پر مولانا ابوالکلام آزاد کا ایک نہایت محققانہ مضمون الہلال (۱۹۱۴ء) میں دستیاب ہو گیا جسے ڈاکٹر شاہ جہاں پوری نے بطور تکملہ شامل کر کے کتاب کو ہر لحاظ سے جامع بنا دیا ہے

الخیام کا اصل متن کتاب کے عکس پر مشتمل ہے ۔ مصنف کا تعارف اور تکملہ کمپیوٹر کی خوبصورت کتابت میں ہے طباعت معیاری اور عمدہ سفید کاغذ اور خوبصورت رنگین و مضبوط جلد سے کتاب کی ظاہری زینت کا خاص اہتمام کیا گیا ہے ۔

© rasailojaraid.com